# غزالی نیوز بلیٹن لاہور

جون ۱۹۹۷ء

مدیر : منیر احمد اولکھ

## مجلس مشاورت

...سر اشتیاق احمد گوندل

...واحد ○ عزیز الرحمٰن

...وقاص وحید ○ عامر محمود چیمہ


بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تاریخ کے اوراق کا مطالعہ کرنے سے یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہوجاتی ہے کہ "علم" نے قوموں کے عروج و زوال میں ہمیشہ بنیادی کردار ادا کیا ہے۔ امت مسلمہ کہ علم جس کی میراث قرار پایا تھا جب علم کی دولت سے تہی دامن ہوئی تو اس کا عروج زوال میں اور شان و شوکت' ذلت و رسوائی میں بدل گئی۔

وطن عزیز پاکستان کے اندر تعلیم کی زبوں حالی پر ہر فکر و دانش پریشان ہے کیونکہ وہ تعلیم گاہیں جہاں سے ... اور سپہ سالار نکلنے چاہئیں تھے۔ وہاں سے دین ... تہذیب و ثقافت کے باغی افراد تیار ہوکر نکل رہے ہیں اور شاہینوں کو خاک بازی کا سبق دیا جا رہا ہے۔ ان حالات میں ہر اہل دل یہ سوچتا ہے کہ امت مسلمہ کے ان شاہین بچوں کو اپنی تہذیب و ثقافت کے رنگ میں رنگنے کا کوئی اہتمام ہونا چاہیے۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اسی پاکیزہ سوچ کا نتیجہ ہے۔ جس کے مقاصد میں وطن عزیز کی نوجوان نسل کو زیور علم سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ سیرت سازی' جذبہ حب الوطنی اور خودی کی نشوونما سرفہرست ہیں۔ غزالی ٹرسٹ کو راہنمائی و مشاورت کے لئے نہایت اعلیٰ تعلیم یافتہ ماہرین تعلیم کا تعاون حاصل ہے اور انشاء اللہ مستقبل میں اس سے مثبت سوچ کی حامل ایک نسل تیار ہوکر قوم کی قیادت کرے گی۔

مدیر

## غزالی سکول سسٹم کے تحت اکیس سکول قائم کردئیے گئے

لاہور (پ - ر) غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ناخواندگی ختم کرنے کے منصوبہ پر عملدرآمد شروع ہوگیا ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لئے پنجاب رورل ایجوکیشن پروگرام (PREP) کے تحت غزالی سکول سسٹم کے نام سے اکیس سکول قائم کردیئے گئے ہیں۔ ان میں سے بارہ سکولز ضلع فیصل آباد' سات ضلع گجرات اور دو ضلع سرگودھا میں قائم کئے گئے ہیں۔ یہ تعلیمی ادارے معیار تعلیم' نصاب' اخلاقی تربیت' پاکیزہ ماحول اور کردار سازی کا شاندار نمونہ ہوں گے۔ جہاں جدید تعلیم کے ساتھ ساتھ طلبہ کو قرآنی تعلیمات کے زیور سے بھی آراستہ کیا جائے گا۔ ان سکولز میں پانچویں جماعت تک ناظرہ قرآن مجید مکمل کروایا جائے گا جبکہ کلاس ششم سے ترجمہ قرآن اور حفظ کی کلاسز کا آغاز کیا جائے گا۔ مستقبل قریب میں PREP کے تحت پنجاب بھر کے دیہی علاقوں Rural Areas میں ایسے معیاری تعلیمی اداروں کا جال بچھا دیا جائے گا۔ جہاں سے ہمہ گیر شخصیت کی حامل ایک ایسی نسل تیار ہوگی جو اکیسویں صدی میں دنیا کی قیادت کرے گی۔

## غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اکیسویں صدی کی قیادت تیار کرنے کے انقلابی منصوبے کا نام ہے ○ اشتیاق احمد گوندل

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اکیسویں صدی کی قیادت تیار کرنے کے انقلابی منصوبے کا نام ہے اور ہم وطن عزیز سے جہالت کے خاتمے اور علم کا نور پھیلانے کے لئے مصروف عمل ہیں۔ یہ بات غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے سیکرٹری جنرل' پروفیسر اشتیاق احمد گوندل نے اپنے ایک انٹرویو میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ ہم دعوؤں اور نعروں کی بجائے عمل پر یقین رکھتے ہیں یہی وجہ ہے کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی اب تک کی کارکردگی نہایت حوصلہ افزا ہے اور ہم اپنے طے شدہ اہداف کو حاصل کرنے میں مکمل طور پر کامیاب رہے ہیں۔ ہمارے 1997ء کے منصوبہ عمل میں کمپیوٹر سنٹر اور پنجاب کے تین اضلاع میں سکولز کا قیام شامل تھا جو کہ حاصل کرلیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے جدید تعلیم اور اسلامی تعلیمات کے ذریعے اکیسویں صدی کی قیادت کرنے کا ایک انقلابی منصوبہ تیار کیا ہے جس کے نتائج انشاء اللہ آئندہ چند سالوں میں قوم کے سامنے آجائیں گے۔

## انتظامی ڈھانچہ
## غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ

- ✪ چیئرمین ٹرسٹ : حافظ محمد ادریس صاحب
- ✪ وائس چیئرمین : میاں مقصود احمد صاحب
- ✪ سیکرٹری جنرل : پروفیسر اشتیاق احمد گوندل
- ✪ اسسٹنٹ سیکرٹری : عزیز الرحمٰن
- ✪ ڈائریکٹر (اعزازی) غزالی ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی : ڈاکٹر عبدالحمید
- ✪ اسسٹنٹ ڈائریکٹر (اعزازی) : پروفیسر طارق محمود چوہدری
- ✪ ڈائریکٹر (اعزازی) نصابیات : پروفیسر محمد امیر ملک
- ✪ جوائنٹ ڈائریکٹر : ملک منیر احمد اولکھ
- ✪ ایڈمنسٹریٹر غزالی کمپیوٹر سنٹر : عبدالواحد

## غیر ملکی ماہرین نے غزالی ٹرسٹ کا دورہ کیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) 8 - اپریل 1997ء کو غیر ملکی ماہرین تعلیم کے ایک وفد نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا دورہ کیا وفد کے ارکان میں ممبر قومی نصابی کمیٹی بنگلہ دیش جناب ڈاکٹر محمد علی' وزارت اموزش و پرورش ایران کے سینئر آفیسر جناب ڈاکٹر حسین دانش اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر کریکولم ڈویلپمنٹ سنٹر وزارت تعلیم ملائیشیا جناب ڈاکٹر جوہری شمس الدین شامل تھے۔ ڈائریکٹر غزالی ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی جناب ڈاکٹر عبدالحمید اور پروفیسر اشتیاق احمد گوندل نے وفد کے ارکان کو غزالی ٹرسٹ کی موجودہ صورت حال اور آئندہ کی منصوبہ بندی کے بارے میں بریفنگ دی۔ وفد کے ارکان نے ٹرسٹ کے تمام

شعبہ جات کا جائزہ لیا اور اطمینان اور مسرت آمیز جذبات کا اظہار کیا۔ وفد کے ارکان نے ٹرسٹ کے ذمہ داران کو ایسا بہترین اور منظم سسٹم بنانے پر خراج تحسین پیش کیا اور اسے امت مسلمہ کی نشاۃ ثانیہ کے لئے ایک اہم سنگ میل قرار دیا۔

## شعبہ جات

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے چار اہم شعبہ جات ہیں:

- ○ غزالی ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی
- ○ غزالی کمپیوٹر سنٹر
- ○ غزالی سکول سسٹم
- ○ شعبہ نصاب سازی

## ہر سطح کے نصابات میں اسلامی تصور تعلیم کی روشنی میں انقلابی تبدیلیوں کی ضرورت ہے ○ پروفیسر محمد امیر ملک

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ شعبہ نصابیات کے ڈائریکٹر پروفیسر محمد امیر ملک نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ہر سطح کے نصابات میں اسلامی تصور تعلیم کی روشنی میں انقلابی تبدیلیوں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا موجودہ نصاب ہمارے نظریاتی و قومی تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ملک میں ہر طرف کرپشن اور لاقانونیت کا دور دورہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حقیقی مسلمان اور ذمہ دار شہری تیار کرنے کے لئے پورے نظام اور بالخصوص نصابات کو اسلامی رنگ میں ڈھالنے کی ضرورت ہے اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اسی مقصد کے حصول کے لئے مصروف عمل ہے۔

## غزالی ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی جدید تدریسی مہارت کے حامل باکردار اساتذہ تیار کرنے میں مصروف عمل ہے ○ ڈاکٹر عبدالحمید

غزالی ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی کو نامور ماہرین تعلیم کی خدمات حاصل ہیں اور ہم جدید تدریسی مہارت رکھنے والے اساتذہ تیار کرنے میں مصروف عمل ہیں۔ یہ بات غزالی ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی کے ڈائریکٹر ڈاکٹر عبدالحمید نے اپنے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ ہم دراصل ایسے اساتذہ تیار کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جو ایک طرف جدید تدریسی ٹیکنالوجی میں مہارت رکھتے ہوں اور دوسری طرف تعمیر انسانیت، تشکیل کردار اور غلبہ اسلام کے جذبہ سے سرشار ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنی تہذیب و ثقافت اور اسلامی اصولوں پر فخر کرنے والی جدید علوم سے آراستہ سپاہ کے سپہ سالار تیار کر رہے ہیں۔ تاکہ اکیسویں صدی امت مسلمہ کے روشن مستقبل کی نوید لے کر نمودار ہو۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ غزالی ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی کے تحت امسال سرگودھا اور فیصل آباد میں دو موبائل ٹیچرز ٹریننگ ورکشاپس منعقد ہو چکی ہیں جن سے تقریباً" 100 اساتذہ کرام مستفید ہوئے جبکہ دو ورکشاپس کا انعقاد اکیڈمی کے مرکزی دفتر میں بھی ہو چکا ہے اور دوران سال مزید دس ورکشاپس کا انعقاد ہمارے منصوبہ میں شامل ہے۔



چیئرمین لاہور چیمبر آف کامرس وحیدالدین شیخ، چیئرمین غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ حافظ محمد ادریس کے ہمراہ غزالی کمپیوٹر سنٹر کا افتتاح کر رہے ہیں۔

## ہم نے معاشی مفادات سے بالاتر ہو کر کمپیوٹر کی تعلیم عام کرنے کا عزم کر رکھا ہے ○ عبدالواحد

غزالی کمپیوٹر سنٹر کا ماٹو "کمپیوٹر کی تعلیم سب کے لئے" "Computer Education for all" ہے اور ہم نے معاشی مفادات سے بالاتر ہو کر کمپیوٹر کی تعلیم عام کرنے کا عزم کر رکھا ہے۔ یہ بات ایڈمنسٹریٹر غزالی کمپیوٹر سنٹر عبدالواحد نے ہمارے نمائندہ سے باتیں کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں کمپیوٹر کی اہمیت کے پیش نظر غزالی کمپیوٹر سنٹر نے عام لوگوں کے لئے بالعموم اور نجی تعلیمی اداروں کے اساتذہ کے لئے بالخصوص کمپیوٹر ٹریننگ کا اہتمام کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس ایک نہایت جدید طرز کی کمپیوٹر لیب اور کوالیفائیڈ سٹاف موجود ہے۔ نیز خواتین کے لئے خاتون انسٹرکٹر کی زیر نگرانی نہایت پرسکون اور باپردہ ماحول میں کمپیوٹر ٹریننگ کی سہولت بھی میسر ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنوری 1997ء سے اب تک ہم پانچ شارٹ کورسز مکمل کروا چکے ہیں جبکہ مستقبل میں شارٹ کورسز کروانے کے علاوہ ایک سالہ ڈپلومہ "Computer Applicatin in Education" کا آغاز بھی عنقریب ہونے والا ہے۔

## اگر

آپ ایک ایماندار اور باضمیر قوم تیار کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو یہ نظام بدلنا ہوگا۔ یہ مخلوط تعلیم، یہ فرنگی طرز زندگی سب چھوڑنا ہوگا۔ اس کے لئے ایسے معلمین اور معلمات کی ضرورت ہے جو سیرت، اخلاق اور اعلیٰ قابلیت کے حامل ہوں۔ یاد رکھیے فاسد العقیدہ اور فاسد الاخلاق استاد اپنے شاگردوں کو ہرگز ذہنی، اخلاقی اور عملی تربیت نہیں دے سکتے۔ (سید مودودی رحمۃ اللہ علیہ)

## سروے ○ غزالی ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی کے تحت منعقدہ ورکشاپ کے شرکاء کے تاثرات

1- حکمت تدریس کے موضوع پر نہایت قابل اور اہل علم حضرات کے لیکچرز بہت پسند آئے۔

(ممتاز احمد جلال پور جٹاں)

2- ٹرسٹ کی انتظامیہ کا رویہ اور پروفیسر صاحبان کے مدلل لیکچرز قابل تحسین تھے۔

(محمد ریاض ضلع گجرات)

3- نظم و ضبط، سلیقہ شعاری اور ٹرسٹ کے عملہ کا جذبہ قربانی مثالی پایا۔

(محمد الیاس خان، علی ٹاؤن فیصل آباد)

4- جدید تعلیم اور دینی تعلیم کو ساتھ ساتھ چلانا نہایت خوش آئند منصوبہ ہے۔

(مبشر فاروق۔ محمود چمنہ گجرات)

5- لیکچرز کے دوران جدید آلات کا استعمال اور خوبصورت سجا ہوا لیکچر ہال بہت پسند آیا۔

(نعیم الحق۔ برہان کالونی سرگودھا)

6- ورکشاپ میں شرکت سے مجھے بچوں کی نفسیات سے آگاہی ہوئی۔

(ذوالقرنین۔ سرگودھا)

7- غزالی ٹرسٹ کا اعلیٰ مقصد اور ممبران کا اخلاق قابل تحسین ہے۔

(آصف فرید خان۔ چک نمبر 66 گ ب جڑانوالہ)

8- ورکشاپ کے لیکچرز اور بہترین لائبریری کی موجودگی بہت اچھی لگی۔

(نثار احمد۔ خواص پور)

9- اچھا مقصد، اچھا انتظام، اچھی ٹریننگ۔

(قیصر محمود۔ نشاط آباد فیصل آباد)

10- عملہ کا اخلاق اور بچوں پر استاد کے اثرات کے بارے میں لیکچر بہت ہی پسند آئے۔

(عبدالستار، روڈا تحصیل جڑانوالہ)

11- ٹریننگ کے لئے A.V - Aids کا استعمال بہت پسند آیا۔

(شاہد انجم، فیصل آباد)

12- جدید کمپیوٹر لیب اور ٹرسٹ کا آئندہ پروگرام بہت پسند آئے۔

(میر بابر مشتاق، لالہ موسیٰ)

13- اس ادارے میں بچوں کے روشن مستقبل کے بارے میں درد دل پایا جاتا ہے۔

(عبدالغفار - گنگا پور تحصیل جڑانوالہ)

14- ورکشاپ میں آکر میرے علم میں کافی اضافہ ہوا اور ایک نئی سوچ نے جنم لیا۔

(شفیق الرحمٰن - رسول نگر فیصل آباد)

15- پروفیسر اشتیاق صاحب کا انداز گفتگو اور عملہ کا رویہ بہت اچھا لگا۔

(اصغر علی - بمقام نصیرہ کھاریاں)

16- بہترین سٹاف، بہترین نظم و ضبط، اخوت و ہمدردی۔

(عبدالقیوم - منظور کالونی سرگودھا)

17- بڑے بڑے دانشور پروفیسر صاحبان کے لیکچرز سن کر میں نے بہت کچھ حاصل کیا۔

(طارق عزیز - جلال پور جٹاں)

18- بہت اچھی اور مفید ورکشاپ ہے۔ ایسی ورکشاپس ہوتی رہنی چاہئیں۔

(نوید الیاس - جلال پور ضلع گجرات)

19- ورکشاپ میں آکر بچوں کی نفسیات کے بارے میں علم ہوا۔

(محمد اشرف ندیم - تحصیل جڑانوالہ)

20- کلاس روم کی ترتیب اور جملہ سٹاف و اساتذہ کا حسن اخلاق مثالی تھا۔

(حافظ غلام مصطفیٰ - اقبال کالونی سرگودھا)

21- ورکشاپ کے دوران جدید تدریسی آلات کا استعمال اور دینی رنگ کا نمایاں ہونا بہت پسند آئے۔

(عمران ہارون - چک نمبر R.B 105 جڑانوالہ)

22- ورکشاپ میں ماہرین نے استاد کا جو کردار واضح کیا ہے۔ اس سے میرے ذہن میں استاد کا نہایت بلند مقصد نقش ہوگیا ہے۔ (محمد آصف - سرگودھا)

23- یہ بات بہت پسند آئی کہ غزالی ٹرسٹ کا جملہ عملہ پاکستان میں گرتے ہوئے معیار تعلیم کو بہتر بنانے کے لئے سخت محنت کر رہا ہے۔ (ناظم حسین - چیچیاں ضلع گجرات)

## اور جی ہاں!

کھاریاں (ایجوکیشن رپورٹ) غزالی سکول سسٹم کے ایک وفد نے کھاریاں کینٹ میں میجر سرفراز چیمہ سے ملاقات کی۔ جس میں انہیں غزالی سکول سسٹم کے مقاصد، لائحہ عمل اور آئندہ کے منصوبہ جات کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر ان کے ساتھ کھاریاں یونٹ کے دیگر افسران بھی موجود تھے۔ انہیں بتایا گیا کہ غزالی سکول سسٹم کے تحت کینٹ کے مضافات میں سات سکولوں کا آغاز کردیا گیا ہے۔ جبکہ اگلے سیشن میں مزید سکول کھولنے کا منصوبہ ہے۔ غزالی سکول سسٹم کے مقاصد سے آگاہ کرتے ہوئے عامر محمود چیمہ نے انہیں بتایا کہ ہم امت مسلمہ کے روشن مستقبل کا عملی منصوبہ لے کر آگے بڑھ رہے ہیں اور مالی مفادات سے بالاتر ہوکر علم کے ذریعے اکیسویں صدی کی حقیقی قیادت تیار کرنے میں مصروف ہیں۔ ملاقات کے دوران غزالی ٹرسٹ کے عہدیداران نے تمام افسران کو غزالی سکول سسٹم کے تحت قائم سکولز کا دورہ کرنے کی دعوت دی جو انہوں نے خوش دلی سے قبول کرلی اور کہا کہ ہم آپ کے اس منصوبے کو تحسین آمیز نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ عنقریب میجر چیمہ یونٹ کے دیگر افسران کے ہمراہ سکولز کا معائنہ کریں گے۔

## غزالی ٹرسٹ کے آئندہ منصوبہ جات


- نجی تعلیمی اداروں کے لئے مشترکہ امتحانی نظام بنانے کی کوشش کی جائے گی۔
- غزالی کمپیوٹر سنٹر کے تحت گرمیوں کی چھٹیوں سے مردوں اور خواتین کے لئے الگ الگ شارٹ کورسز کے علاوہ ایک سالہ ڈپلومہ "Computer Application in Education" کروانے کی کوشش کی جائے گی۔
- نصابی کتب کے مسودات کی کاپیاں سبجیکٹ کیٹیگری کو جائزہ کے لئے بھیجی جائیں گی۔ نیز سبجیکٹ کیٹیگری کی میٹنگ بلا کر ان پر بحث و تمحیص کے بعد فائنل شکل میں لانے کی کوشش کی جائے گی۔
- ماہ اگست میں پاکستان کی گولڈن جوبلی کے موقع پر چلڈرن کمپلیکس لاہور میں نجی سکولز کے بچوں کے لئے آرٹ / پوسٹر ڈیزائننگ / کارٹون ڈیزائننگ / خطاطی / مضمون نویسی اور تقریری مقابلہ منعقد کیا جائے گا۔
- غزالی ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی کے زیر اہتمام ہر ماہ دو ٹیچرز ٹریننگ ورکشاپس منعقد کی جائیں گی۔
- غزالی سکول سسٹم کے اساتذہ کے لئے پندرہ روزہ ٹریننگ ورکشاپ دو تا بارہ جولائی مری میں ہوگی۔

## غزالی ٹرسٹ کی مرکزی ٹیم نے سکولوں کا دورہ کیا

لاہور (پ - ر) غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اور پنجاب رورل
شن پروگرام (PREP) کے مرکزی عہدیداران نے گذشتہ
اہ کے دوران تین مرتبہ غزالی سکول سسٹم کا دورہ کیا۔
رہ کے دوران اداروں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا اور ان کے
سائل کا جائزہ لینے کے بعد انہیں حل کرنے کی کوشش کی
ی۔ ضلع سرگودھا میں قائم سکولز کا دورہ جناب عامر چیمہ اور
اب طارق محمود چوہدری نے کیا۔ فیصل آباد کے سکولز کے
رہ کے دوران DMS ضلع فیصل آباد حافظ محمد طیب میاں
ی ان کے ہمراہ تھے۔ جبکہ گجرات کے سکولز کا دورہ
ڈ منسٹریٹر غزالی کمپیوٹر سنٹر جناب عبدالواحد' سیکرٹری جنرل
سٹ جناب اشتیاق احمد گوندل اور جناب محمد عارف (DMS
گجرات) نے مکمل کیا۔ دورہ کے دوران مقامی لوگوں سے
ابطہ کرکے غزالی سکول سسٹم کے بارے میں ان کی رائے
علوم کی گئی۔ جس میں لوگوں نے اس جدید طرز کے سکول
سٹم کو بہت سراہا۔

## غزالی کمپیوٹر سنٹر نے معذور طلبہ کے لئے سپیشل کورسز کا آغاز کردیا

لاہور (نمائندہ خصوصی) غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیر انتظام قائم غزالی کمپیوٹر سنٹر میں مرد و خواتین اساتذہ کے بعد اب معذور (گونگے بہرے) افراد کے لئے بھی ڈپلومہ کورسز کا آغاز کردیا گیا ہے اور کلاسز جاری ہیں۔ ان طلبہ کے لئے معذور افراد کو پڑھانے میں ماہر اور تجربہ کار سپیشل انسٹرکٹر کا اہتمام کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ لاہور میں غزالی کمپیوٹر سنٹر معذور افراد کو کمپیوٹر ٹریننگ فراہم کرنے والا واحد ادارہ ہے جو نہایت معمولی فیس وصول کرکے معاشرے کے اس حساس طبقے کو اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کے فن سے آراستہ کر رہا ہے۔ لوگوں نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے اس اقدام کو نہایت قابل تحسین قرار دیا ہے۔



غزالی کمپیوٹر سنٹر میں طلبہ کمپیوٹر کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں

## شعبہ نصابیات کے تحت تیار شدہ مسودات

شعبہ نصابیات کے جوائنٹ ڈائریکٹر ملک منیر احمد اولکھ
کے مطابق شعبہ نصابیات کے تحت درج ذیل مسودات تیار
کرلئے گئے ہیں۔

ماعت اول :- قاعدہ اردو' کتاب اردو' ریاضی' دینیات' عربی'
سائنس' معاشرتی علوم

جماعت دوم :- اردو' ریاضی' دینیات' عربی' سائنس' معاشرتی
علوم

ماعت سوم :- اردو' ریاضی' دینیات' عربی' سائنس' معاشرتی
علوم

ماعت چہارم :- اردو' دینیات' سائنس' معاشرتی علوم

ماعت پنجم :- اردو' دینیات' سائنس' معاشرتی علوم

ان میں سے اکثر مسودات چیک ہوچکے ہیں جبکہ ان کی
ائنل Evaluation کے لئے ماہرین تعلیم اور اساتذہ کرام
مشتمل سبجیکٹ کمیٹیاں تشکیل دے دی گئی ہیں۔ انشاء اللہ
جنوری 98ء تک پرائمری کا نصاب شائع ہوجائے گا۔

## چیئرمین ٹرسٹ کا دورہ جنوبی افریقہ' کینیا و یوگنڈا

چیئرمین غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ جناب حافظ محمد ادریس جنوبی افریقہ' کینیا اور یوگنڈا کا دورہ کرکے واپس وطن پہنچ گئے ہیں۔

## وائس چیئرمین ٹرسٹ کا دورہ سوڈان و ابوظہبی

وائس چیئرمین ٹرسٹ جناب میاں مقصود احمد نے فریضہ حج کی ادائیگی کے بعد مئی 97ء میں سوڈان اور ابوظہبی کا دورہ کیا اور وہاں پر موجود دوستوں کو غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے پروگرام اور آئندہ لائحہ عمل سے آگاہ کیا۔

## نجی تعلیمی اداروں کے لئے ہمارا پروگرام

پنجاب بھر کے نجی تعلیمی اداروں کے روشن
لئے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ درج ذیل پروگرا
ہے:

- ☆ مینجمنٹ ورکشاپ برائے سربراہان ادار
- ☆ ٹیچرز ٹریننگ ورکشاپ۔
- ☆ اساتذہ کے لئے کمپیوٹر ایجوکیشن ڈپلومہ
- ☆ ہم نصابی سرگرمیوں کا مربوط اور موثر پروگرام۔
- ☆ نصاب کے انتخاب میں تعاون و مشاورت۔

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سے الحاق کے لئے کوئی فیس نہیں۔ سادہ کاغذ پر درخواست اور مختصر تعارف روانہ کرکے آپ ممبرشپ حاصل کرسکتے ہیں۔

☆ برائے رابطہ ☆

مرکزی سیکرٹریٹ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ
66-F ماڈل ٹاؤن لاہور۔ فون: 852421

144/2-F